(The Cultivation of Humanities and Social Science Grants-CHSS) تحقیقی گرانٹ برائے فروغِ انسانی و معاشرتی علوم [ہیومینیٹیز وسوشل سائنسز - Humanities and Social Sciences] سویڈن کے گراں قدر تعاون سے عمل میں آئی ہے۔ یہ گرانٹ ایک جدید ماورا بین الملّی (بین الاقوامی Transnational-) منصوبے کا حصہ ہے جس کا مقصد مربوط ریسرچ پالیسی کے ذریعہ معاشرتی اور اقتصادی کمزوریوں (زوال پزیری) میں کمی لا تے ہوئے جنوبی ایشائی اور جنوب مشرقی ایشیائی ممالک میں تحقیقی اداروں کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا ہے، بالخصوص ایسے علاقوں میں جو تنازعات کا شکار رہے ہوں یا ان سے گزر رہے ہوں۔

اس پروجیکٹ کی توجہ کا مرکز جونئیر فیکلٹی، گریجویٹ [ایم فل/ پی ایچ ڈی] طلباء، سینیر اور آزاد اسکالر، خواتین اور خاص طور پر نسلی اقلیتی گروہ ہیں۔ CHSS تحقیقی گرانٹ برائے معاشرتی علوم[Humanities and Social Sciences] کم مدت (دو ماہ)، درمیانی مدت (دو سے چھ ماہ)، اور طویل مدت (بارہ ماہ) کیلئے دستیاب ہیں۔

**ایسوسی ایشن برائے ایشیائی مطالعات - اےاےاس (Association of Asian Studies-AAS) جنوب مشرقی ایشیا کے اقتصادی/معاشی لحاظ سے "کم" اور "کم سے متوسط" آمدنی والے ممالک** (مثلاً کمبوڈیا، لاؤ پی ڈی آر [Lao PDR]، میانمار،مشرقی تیمور /تیمورشرقی [Timor Leste] ، انڈونیشیا، فلپائن، تھائی لینڈ اور ویتنام) **کے ساتھ ساتھ جنوبی ایشیا کے اقتصادی/معاشی طور پر کم ترقی یافتہ ممالک** (جیسے افغانستان، بنگلہ دیش، بھوٹان، پاکستان، نیپال، سری لنکا، اور بھارت) سے درخواستیں طلب کر رہا ہے۔ یہاں یہ بتانا ضروری ہے کہ انڈونیشیا ، فلپائن، تھائی لینڈ ، اور بھارت سے موصول شدہ تحقیقی منصوبوں/پروجیکٹس/ریسرچ پرپوزلز (Research Proposals) کا جائزہ لیتے وقت، کمیٹی ان درخواستوں کو ترجیح دیگی جو ایسے علاقوں سے آئی ہوں جہاں وسائل کی کمی ہو یا تحقیق کی سہولیات کی عدم دستیابی۔ ایسوسی ایشن تحقیق کے ایسے منصوبوں کی بھی توصلہ افزائی کرتی ہے جو باہمی اشتراک کے ساتھ کئے جائیں، خاص طور پر وہ مشترکہ منصوبے جن میں ایک طرف کم وسائل والےاداروں سے تعلق رکھنے والے اسکالرز ہوں اور دوسری جانب ایسے محققین/ریسرچرس ہوں جن کا تعلق ان اداروں سے ہو جہاں وسائل اور سہولیات کی کمی نہ ہو۔

گرانٹ حاصل کرنے والے محققین کو "AAS کانفرنس" میں پینل پرپوزل [Panel Proposal] کی دعوت دی جائے گی جہاں ان کو موقع ملے گا کہ وہ اپنی ریسرچ کے نتائج کو پیش کرسکیں، ورکشاپ کا حصہ بن کراپنی تحقیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھا سکیں، اور ایشیا، یورپ اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں موجود ہمارے شریک اداروں کے ساتھ اپنی تحقیقات کو شائع کرنے کے امکانات پر گفتگو کرسکیں۔

### اہلیت:ان گرانٹس کو حاصل کرنے کے اہل کون ہیں؟

- جنوبی ایشیا اور جنوب مشرقی ایشیا کے وہ شہری جو پی ایچ ڈی کے حامل ہوں، یا ماسٹر کی ڈگری یا اس کے مساوی تعلیمی قابلیت رکھتے ہوں، یا جو جنوبی ایشیا اور جنوب مشرقی ایشیا میں تعلیمی پیشے میں مصروفِ عمل ہوں یا مستقبل میں تعلیمی پیشے سے وابستگی کا ارادہ رکھتے ہوں۔
- اسکالرز، طلباء، آزاد محققین (یعنی وہ جو کسی تعلیمی و تحقیقی ادارے سے تعلق نہ رکھتے ہوں) اور عوامی دانشور (Public Intellectuals) جو "کم" اور "کم سے درمیانی" آمدنی والے ممالک میں مقیم ہوں۔ ساتھ ہی ایسے افراد جو ان علاقوں میں سکونت پزیر ہوں جہاں ماضی میں تنازعات رہے ہوں یا جو حال میں تنازعات کا شکار ہوں۔
- گرانٹ حاصل کرنے کیلئےاسوسی ایشن برائے ایشیائی مطالعات (AAS) کی رکنیت ضروری نہیں ہے۔

### پروگرام کا جائزہ

اس گرانٹ پروگرام [CHSS Grant Program] کے تحت **i) ترقی/ڈیوالپمنٹ ii) جمہوریت، iii) انسانی حقوق، iv) صنفی مطالعات (یعنی جینڈر اسٹڈیز-Gender Studies)، v) ماحولیات، اور، vi) فلپائن میں تحفظ برائے جنگلات (یہ گرانٹ فلپائن کی فاؤنڈیشن برائے جنگلات/**

فاریسٹ فاؤنڈیشن فلپائن کے تعاون سے صرف فلپائن کے شہریوں کے لئے مخصوص ہے) کے موضوعات پر تحقیق کرنے کیلئے انفرادی طور پر اور گروپ کی طرف سے پرپوزل/ پروجیکٹ داخل کئے جا سکتے ہیں۔ ادارہ ایسے تحقیقی منصوبوں کا بھی خیرمقدم کرتا ہے جس میں سینئر اور جونیئر اسکالرز کا اشتراک ہو۔ یہاں یہ وضاحت ضروری ہے کہ مندرجہ بالا موضوعات میں سے کسی انفرادی موضوع پر، ایک سے زیادہ موضوعات کے باہم تعلق پر، یا ایسے منہاج (طریقہ ہائے کار/methodologies) پر جو ہیومینیٹیز اور سوشل سائنسز کا خاصہ ہیں،ان پر تحقیق کی جاسکتی ہے۔ اس گرانٹ پروگرام میں ان درخواست دہندگان کو ترجیح دی جائے گی جنہوں نے ماضی میں تحقیقی گرانٹ حاصل نہ کی ہو اور/یا جو کم وسائل والے اداروں سے تعلق رکھتے ہوں۔

یہ پروگرام ایسی خصوصی کاوشوں اور تجاویز کا بھی خیر مقدم کرتا ہے جن کا مقصد معدومیت کے خطرے سے دوچار زبانوں، زبانی تواریخ (Oral Histories)اور روایتی علوم کی ریکارڈنگ، تحفظ اور اشاعت ہو۔

بالعموم یہ گرانٹس (CHSS Grants) مختصر مدت کے پروجیکٹ کیلئے ۲۰۰۰ امریکی ڈالر سے لے کر طویل مدتی پروجیکٹ کیلئے ۱۲۰۰۰ امریکی ڈالر تک ہوتی ہیں۔

یہ گرانٹ اس توقع کے ساتھ دی جائے گی کہ پروجیکٹ کی تکمیل کے دو سال کے اندر وصول کنندگان اپنی تحقیقات کے نتائج کو"AAS-in-Asia کانفرنس" میں پیش کرینگے، یا اس نوعیت کی کسی دوسری بین الاقوامی کانفرنس میں اس اعتراف کے ساتھ پیش کریں گے کہ تحقیق کی مالی معاونت اس [CHSS] ادارے سے ہوئی ہے۔ فنڈڈ تحقیق پر مبنی تمام اشاعت میں توقع کی جاتی ہے کہ اےاےاس- سویڈن کی تحقیقی گرانٹ برائے فروغ انسانی و معاشرتی علوم [AAS-SWEDEN CHSS ] یا فلپائن کی فارسٹ فاؤنڈیشن [The Forest Foundation Phillipines] کی اعانت و تعاون کا تذکرہ کیا جائیگا ۔

## فنڈنگ کن امور کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے۔

- یہ مالی معاونت اس تحقیق کیلئے ہے جو پوسٹ ڈاکٹرل اسکالرز، پی ایچ ڈی اور ماسٹرز کے طلباء تھیسز، ڈیسرٹیشن، اور/یا کتابی (بک) پروجیکٹس کیلئے یا ہیومینٹیز اور سوشل سائنسز میں تحقیقی مسودہ پر نظرثانی اور جریدے کے مضامین (جرنل آرٹیکل) کیلئے کرتے ہیں ۔
- چھوٹے (یعنی محدود پیمانے پر) علمی سیمینار اور تدریسی ورکشاپس کیلئے۔
- ترجمہ، نصاب میں جدت و وسعت، اور نصابی کتب کے منصوبے [Book Projects] کیلئے جو تحقیق کے نتائج کی اشاعت اور اجرا میں سہولت فراہم کرتے ہیں۔
- دستاویزی فلموں (ڈاکومینٹری)اور بصری فنون (وژوال آرٹس-visual arts) کے منصوبوں کیلئے۔

## فنڈنگ کن امور کے لئے استعمال نہیں ہو سکتی ہے۔

- پیشہ ورانہ کانفرنس میں شرکت کے لئے سفر اور قیام کے اخراجات کی ادائیگی اس مالی معاونت سے نہیں ہو سکتی ہے۔
- فنڈنگ کو کسی دوسری تحقیقی گرانٹ کے ساتھ استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔
- تحقیق کرنے کے لئے فرسٹ کلاس یا بزنس کلاس کے سفری اخراجات اس فنڈنگ کے دائرہ کار سے باہر ہیں۔

• CHSS ریسرچ گرانٹ سے طالب علم کے قرض کی ادائیگی یا ٹیوشن فیس کی ادائیگی نہیں ہوسکتی ہے۔

## طریقہ ءکار: درخواست دائر کرنے کا طریقہ

تمام درخواستیں AAS ایپلیکیشن پورٹل کے ذریعے ۱ ستمبر ۲۰۲۳[September 1, 2023 ] تک جمع کرائی جا سکتی ہیں۔ اس بات کا اطمینان کرلیجئے کہ ذیل میں درج معلومات/نکات آپ کی درخواست کا حصہ ہیں:

• ایک **تعارفی مراسلہ (یعنی کور لیٹر۔CoverLetter)** جس میں اجمالی خاکہ ہو کہ: 1) تحقیقی گرانٹ کا استعمال کیسے کیا جائے گا۔ 2) یہ درخواست دہندگان کی پیشہ ورانہ ترقی اور تعلیمی کیریئر میں کس طرح معاون و مددگار ہوگی۔ 3) جنوبی یا جنوب مشرقی ایشیائی مطالعات کے میدان میں مجوزہ تحقیق کس طرح اثر انداز ہوگی۔

• بنیادی محقق/تفتیش کار [یعنی (PI) Primary Investigator] کا **مفصل تعلیمی کواف نامہ/CV**۔ اگر دیگر ارکان [Team Members or Co-PI] ریسرچ کا حصہ ہیں، تو ان کا بھی تعلیمی کواف نامہ/CV)۔

• **ایک تحقیقی منصوبہ/پروجیکٹ جو ۸۰۰ سے ۱۰۰۰ الفاظ پر مشتمل ہو۔**

• **بجٹ** جس میں پروجیکٹ کے متوقع اخراجات کی تفصیل درج ہو۔

• درخواست گزار کا کوئی **تحقیقی کام** (مثلاً ۲۰۰۰ سے ۲۵۰۰۰ الفاظ پر مشتمل کوئی تحریری نمونہ، البتہ اس سے مختصر تحریری نمونے بھی پیش کئے جاسکتے ہیں)۔

• دو ریفرینس لیٹرز (سفارشی خطوط Reference Letters) جو درخواست گزار کے موضوع سے واقفیت رکھنے والے ریفریوں [Referees] کی طرف سے ہوں۔ ایسے درخواست دہندگان کو ترجیح دی جائے گی جنہوں نے ماضی میں تحقیقی گرانٹ حاصل نہ کی ہو اور/یا جو کم وسائل والے ادارے سے تعلق رکھتے ہوں۔ درخواست گزار کو اپنے ریفریز سے ۱ ستمبر ۲۰۲۳ تک آن لائن پورٹل کے ذریعے خطوط جمع کرانے کی درخواست کرنی چاہیے۔ اگر اس مرحلے پر ریفریز کو کوئی دشواری پیش آئے تو وہ گرانٹس منیجر سے grants@asianstudies.org پر رابطہ کریں۔

**درخواست دہندگان کو دسمبر ۲۰۲۳ میں فنڈنگ کے فیصلوں کے بارے میں مطلع کیا جائے گا۔**

## متوقع سوالات –

### میں اپنے پروجیکٹ کیلیئے کتنی رقم (فنڈز) طلب کروں؟

اس بات کا انحصار آپ کے پروجیکٹ/منصوبے کے دورانیہ پر ہے۔ یہ مالی معاونت/ فنڈنگ، عام طور پر فی مہینہ تقریباً ۱۰۰۰ ڈالر کے حساب سے دی جاتی ہے. مثال کے طور پر، ایک ۱ سے ۲ ماہ دورانیہ کے پروجیکٹ کیلیئے ۱۰۰۰سے ۲۰۰۰ امریکی ڈالر، جبکہ ۳ سے ۶ ماہ کے پروجیکٹ کیلیئے ۳۰۰۰ سے ۶۰۰۰ امریکی ڈالر کی درخواست کرنی چاہیے۔ ایسو سی ایشن برائے فروغِ انسانی و معاشرتی علوم کی فنڈنگ/گرانٹ بالعموم، ۲۰۰۰ سے ۱۲۰۰۰ امریکی ڈالر ہے۔

### کیا مجھے فنڈنگ کی درخواست دینے کیلیئے AAS کا رکن بننے کی ضرورت ہے؟

نہیں، آپ کو درخواست دینے کیلئے ایسوسی ایشن (AAS) کی رکنیت کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، AAS کے ارکان بھی اس فنڈنگ کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔

**فنڈز کو کن کاموں کیلئے استعمال کرنا چاہیئے؟**

• اس فنڈنگ کو فیلڈ ورک اور لائبریری-آرکائو ریسرچ کیلئے، جو مخصوص ہیں پوسٹ ڈاکٹریٹ اسکالر، پی ایچ ڈی اور ماسٹر کے طلباء کے مقالے، تھیسز، اور کتاب کے پروجیکٹس سے، استعمال میں لایا جاسکتا ہے۔ علاوہ از ایں، ہیومینیٹیز اور سوشل سائنسز کے مسودوں میں ترمیم (یعنی ریویژن Revision ) اور تحقیقی جرائد(جرنلز Journals) کے مضامین کے لئے بھی فنڈنگ استعمال میں لائی جاسکتی ہے۔

• فنڈنگ کا استعمال چھوٹے (یعنی محدود پیمانے پر ہونے والے) علمی سیمینار میں شرکت کیلئے اور ایسی ورکشاپ میں شمولیت کیلئے کیا جاسکتا ہے جن میں حصہ لیکر تدریسی اور تحقیقی صلاحیتوں کو بہتر بنایا جاسکے۔

• ترجمہ، نصابی عمل کے فروغ و وسعت، اور درسی کتابوں کے منصوبوں [Book Projects] کیلئے جو تحقیق کے نتائج کی نشر و اشاعت میں معاون ہوں۔

• اس فنڈنگ کے دائرہ کار میں دستاویزی فلمیں اور بصری آرٹس کے منصوبے بھی شامل ہیں۔

**کن امور کیلئے فنڈنگ استعمال نہیں کی جاسکتی ہے؟**

• پیشہ ورانہ کانفرنس میں شرکت کیلئے سفر اور قیام و طعام کے اخراجات۔

اس فنڈنگ کو کسی دوسری فنڈنگ کے ساتھ نہیں ملایا جاسکتا ہے/ نہیں استعمال کیا جاسکتا ہے۔

• تحقیق کرنے کے لئے فضائی، ریل یا بحری سفر میں بزنس اور فرسٹ کلاس کا خرچ یا ٹکٹ۔

• CHSS ریسرچ گرانٹ سے طالب علم کے یونیورسٹی کے قرض کی ادائیگی یا ٹیوشن فیس کی ادائیگی نہیں ہو سکتی ہے۔

**کیا اس گرانٹ کے تحت وظیفہ لیا جاسکتا ہے؟**

نہیں۔ اس گرانٹ سے وظیفہ، تنخواہ، یا کام کی تکمیل میں صرف شدہ وقت کی اجرت ادا نہیں کی جاسکتی ہے۔

**فنڈنگ کا فیصلہ کب تک کیا جائے گا؟ اور فنڈنگ کے بارے میں مجھے کب مطلع کیا جائے گا؟**

فنڈنگ/ایوارڈ کے فیصلے ۳۰ نومبر ۲۰۲۳ [November 30, 2023 ] تک متوقع ہیں. کامیاب درخواست دہندگان کو اس تاریخ کے چند ہفتوں بعد مطلع کر دیا جائے گا کہ وہ فنڈنگ کے حصول میں کامیاب ہو گئے ہیں۔

**فنڈنگ کی تقسیم کس طرح کی جائے گی؟**

انفرادی تحقیقی فنڈ کی ۲۰٪ رقم ایسوسی ایشن کے تحویل میں رہے گی۔ یہ رقم تحقیق کی تکمیل اور مالی رپورٹ فراہم کرنے پر جاری کر دی جائے گی۔

**میں قومیت کے حوالے سے جنوبی/ جنوب مشرقی ایشیائی ہوں، البتہ ان دنوں جنوب/ جنوب مشرقی ایشیا کے باہر رہتا ہوں. کیا میں درخواست دینے کے کا اہل ہوں؟**

جی ہاں، آپ درخواست دینے کے اہل ہیں. اگر آپ اس وقت ایسے کسی ادارے سے وابستہ ہیں جہاں تحقیق کرنے کے وسائل دستیاب ہیں تو آپ کیلئے یہ بات اہمیت کی حامل ہے کہ ایسے مشترکہ منصوبے [Projects] کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے جن میں ایک طرف ان اداروں سے وابستہ ریسرچر ہوں جہاں وسائل کی کمی ہو اور دوسری جانب ایسے اداروں سے متعلق اسکالر ہوں جہاں وسائل اور تحقیق کرنے کے عوامل میسر ہوں۔ ایسے مشترکہ منصوبوں میں کم از کم ایک فریق/پارٹنر کا تعلق ان علاقوں سے ہونا چاہیے جو اس پروگرام کا ہدف [Target Area] ہیں (مثلاً ایک ریسرچر کا تعلق لاؤپی ڈی آر [Lao PDR]، میانمار، مشرقی تیمور /تیمورشرقی [Timor Leste]، انڈونیشیا، فلپائن، تھائی لینڈ، ویتنام، افغانستان، بنگلہ دیش، بھوٹان، پاکستان، نیپال، سری لنکا، یا بھارت سے ہونا چاہئے).

## کن ممالک کے شہری فنڈنگ کے اہل ہیں؟

ایسوسی ایشن برائے ایشیائی مطالعات کی فنڈنگ جنوب مشرقی ایشیاء کے "کم" اور "کم سے درمیانی" آمدنی کے ممالک (مثال کے طور پر، کمبوڈیا، لاؤ پی ڈی آر، میانمار، تیمور لیس، انڈونیشیا، فلپائن، تھائی لینڈ اور ویتنام) اور جنوبی ایشیا کے اقتصادی طور پر کم ترقی یافتہ/ترقی پزیر ممالک (مثلاً افغانستان، بنگلہ دیش، بھوٹان، پاکستان، نیپال، سری لنکا، اور بھارت) کیلئے ہیں۔ یہاں یہ بتانا ضروری ہے کہ انڈونیشیا، فلپائن، تھائی لینڈ، اور بھارت سے آئے ہوئے تحقیقی منصوبوں [Research Proposals] کا جائزہ لیتے وقت کمیٹی ان علاقوں اور/یا اداروں سے موصول شدہ درخواستوں کو ترجیح دیگی جہاں وسائل کی کمی ہو یا تحقیق کی سہولیات کی عدم دستیابی۔ یہاں یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ مالدیپ سے موصول درخواستوں پر بھی غور کیا جائیگا۔

## "وسائل کی کمی والے ادارے" کی تعریف کیا ہے؟

ہماری تفہیم کے مطابق "وسائل کی کمی والے اداروں" میں وہ یونیورسٹیاں/جامعات اور تھنک ٹینک شامل ہیں جن میں مالی اور انسانی وسائل میں کمی کی بدولت ہیومینیٹیز اور سوشل سائنسز میں ریسرچ کرنے کی صلاحیت کو پروان چڑھنے کا موقع نہیں ملتا ہے۔ ان اداروں میں روایتی طور پر فیکلٹی، ریسرچ فیلوز اور طالب علموں کیلئے فنڈنگ کے مواقع محدود ہیں اور ایسے ادارے جغرافیائی اعتبار سے بڑے شہروں کے اطراف میں بھی واقع ہوسکتے ہیں.

## آیا وہ طلباء درخواست دے سکتے ہیں جو اس وقت ایم اے [MA] کررہے ہیں؟

جی ہاں. وہ طلباء جو اس وقت ایم اے [MA] کررہے ہیں درخواست دے سکتے ہیں۔ موجودہ پی ایچ ڈی طلباء بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

## میں نے تعلیم حاصل کرنے کے لئے قرض لیا ہے۔ کیا میں فنڈنگ کیلئے درخواست دے سکتا ہوں؟

نہیں۔ ایسے افراد اس [CHSS] گرانٹ کے اہل نہیں ہیں جنہوں نے اس وقت سٹوڈنٹ لون (قرض برائے حصولِ علم) لے رکھا ہو اور/یا وہ ٹیوشن فیس کی ادائیگی کے لئے اس گرانٹ کو استعمال کرنا چاہتے ہوں۔

## کیا میں CHSS گرانٹ پروگرام میں ایک سے زیادہ درخواست جمع کر سکتا ہوں؟

جی ہاں، البتہ درخواست دہندہ صرف ایک تحقیقاتی فنڈ حاصل کرسکتا ہے.

## ایسی درخواستیں جن میں ٹیم ممبر یا شریک پی آئی (Co-PI) ہوں، ان میں کتنے ریفرینس لیٹرز کی ضرورت ہے؟

ہر درخواست کے ساتھ ایک ریفرنس لیٹر ضروری ہے ۔ خواہ انفرادی منصوبے یا ایسے پروجیکٹس جن میں شریک پی آئی(Co-PI) ہوں خواہ ٹیم پروجیکٹس ہوں، سفارشی خطوط فراہم کرنے والے ریفریوں کیلئے ضروری ہے کہ وہ ان موضوعات [Fields] سے باخبر ہوں جن میں درخواست دہندگان تحقیق کرنا چاہتے ہیں۔
وہ پروجیکٹس جن میں شریک پی آئی (Co-PI) ہوں، ان کیلئے تجویز ہے کہ ہر فرد کیلئے ریفری کا ایک خط ہو۔

**ایسے تحقیقی منصوبے جن میں شریک پی آئی (CO-PI) ہوں یا وہ منصوبے جو ٹیم کی طرف سے پیش کئے گئے ہوں، ان میں کتنے تحریری نمونوں [WritingSamples] کی ضرورت ہے ؟**

ازراہِ کرم اس بات کو جان لیجیے کہ CO-PI یا ٹیم پروجیکٹ کے تحریری نمونے ۲۵۰۰ الفاظ سے طویل نہ ہوں۔ ایسے منصوبے [Projects] جن میں CO-PI ہوں، تو مناسب ہوگا کہ ہر فرد کا تحریری نمونہ تقریباً ۱۲۵۰ الفاظ پر مشتمل ہو۔ ٹیم پروجیکٹس/منصوبوں کیلئے تحریری نمونے ٹیم لیڈر کی جانب سے ہوں، تمام ٹیم ممبرز کی طرف سے بھی تحقیقی مقالے شامل کئے جاسکتے ہیں، ساتھ ہی مشترکہ لکھے گئے پرچے [Co-authored Papers] اور ایڈیٹڈ ورک [Edited Work] بھی داخل کئے جاسکتے ہیں .

**مجھے اپنے پروجیکٹ پر کام کرنے کیلئے کتنا وقت دستیاب ہوگا؟**

گرانٹس کو اس توقع کے ساتھ دیا جائے گا کہ پروجیکٹ کی تکمیل کے دو سال کے اندر وصول کنندگان اپنی تحقیق کے نتائج کو "AAS-in-Asia کانفرنس" میں پیش کریں گے، یا اس نوعیت کی کسی دوسری بین الاقوامی کانفرنس میں اس اعتراف کے ساتھ پیش کریں گے کہ تحقیق کی مالی معاونت اِس [ہمارے] ادارے سے ہوئی ہے۔ فنڈڈ تحقیق پر مبنی تمام اشاعت میں توقع کی جاتی ہے کہ AAS-Sweden Cultivating the Humanities and Social Sciences Research Grants کی مالی اعانت و تعاون کا ذکر کیا جائے گا۔

**میرا تعلق جنوب مشرقی ایشیا کے ایسے ملک سے ہے جو قابلِ انتخاب ممالک میں شامل ہے، البتہ میرے پاس دوسرے ملک کی شہریت بھی ہے۔ کیا میں درخواست دینے کا اہل ہوں؟**

جی ہاں۔ دہری شہریت کے حامل افراد درخواست دے سکتے ہیں۔

**میرا تعلق جنوب مشرقی ایشیا (SEA) سے ہے، لیکن ان ممالک میں سے نہیں ہے جن کا ذکر یہاں کیا گیا ہے۔ کیا میں، ان ممالک کے محقق (ریسرچر) کے ساتھ جن کا یہاں ذکر کیا گیا ہے، مشترکہ درخواست دینے کا اہل ہوں؟**

یہ ممکن ہے مشترکہ درخواست اس تفہیم کے ساتھ داخل کی جائے کہ اس گرانٹ کا مقصد ان اسکالروں اور اداروں کو مواقع فراہم کرنا ہے جنہیں بالعموم اس قسم کی معاونت یا وسائل میسر نہیں ہیں جو دیگر خطوں میں دستیاب ہیں۔ اس معاملے میں، ضروری ہو گا کہ بجٹ پرپوزل میں اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ فنڈنگ بنیادی طور پر اس محقق (ریسرچر) کی معاون و مددگار ہوگی جو اس پروگرام کی بنیادی اہلیت کے معیار پر پورا اترتا ہو۔

**آیا درخواست دہندگان کیلئے عمر کی کوئی حد ہے؟**

درخواست دہندگان کیلئے عمر کی کوئی حد نہیں ہے۔

**اگر اس بار ایوارڈ (فنڈنگ) حاصل نہیں کرسکا، تو کیا میں اگلی دفعہ (دوبارہ) درخواست دے سکتا ہوں؟**

جی ہاں، آپ اگلے سال دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، اگر آپ کی درخواست کسی دوسری AAS گرانٹ کیلئے موزوں پائی گئ تواس بارے میں آپ کو آگاہ کیا جائیگا تاکہ آپ اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی درخواست کو (ازسرِنو) جمع کرا سکیں۔ یہ بتانا ضروری ہے کہ نئ درخواست کی جانچ پڑتال ایک مختلف سلیکشن کمیٹی کرے گی۔

**کیا ایسی تجاویز (پرپوزل) قابلِ قبول ہوں گی جن کے لیے سرکاری اداروں، مثلاً وزارت تعلیم اور قومی عجائب گھر، کے ساتھ تعاون کی ضرورت ہوتی ہے ؟**

جی ہاں،اس پروگرام کے دائرہ کار میں حکومتی ادارے یا مقامی این جی اوز [NGOs] کے ساتھ تعاون شامل ہے، بالخصوص اس لئے کہ CHSS پروجیکٹ کا ایک مقصد مناسب ریسرچ پالیسی کے ذریعے جنوب مشرقی ایشیا اور جنوبی ایشیا کے کم آمدنی والے ممالک میں موجود معاشرتی و اقتصادی کمزوریوں (زوال پزیری ) کو کم کرنا ہے تاکہ تعمیرِ امن [قیامِ امن]، تعاون اور ترقی کو فروغ ملے۔